## کراچی کے علاقے سائٹ میں اسلحے سے بھری ایک بس کے پکڑے جانے کا واقعہ کراچی میں دہشتگردوں کی بڑھتی ہوئی کارروائیوں کا ایک اور ثبوت ہے، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی

## ملک کے دوسرے حصوں سے کراچی میں اسلحے کی اسمگلنگ کے واقعات کی فوری روک تھام کی جائے

کراچی ۔۔۔13 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان سندھ اسمبلی نے گزشتہ روز کراچی کے علاقے سائٹ میں اسلحے سے بھری ایک بس کے پکڑے جانے کے واقعہ کو کراچی میں دہشتگردوں کی بڑھتی ہوئی کارروائیوں کا ایک اور ثبوت قرار دیا ہے ۔ایک مشترکہ بیان میں حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ گذشتہ روز کراچی کے علاقے سائٹ میں پشاور سے آنے والی جدید اور مہلک اسلحے سے بھری ایک مسافر بس پکڑی گئی ۔ لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اور مذہبی انتہاء پسندوں کے لیئے لائے جانے والے اس اسلحہ کا مقصد شہر کراچی کو ایک بار پھر کشت وخون میں نہلانا تھا تاکہ کراچی کے شہریوں کو طالبانائزیشن اور جرائم پیشہ افراد کیخلاف آواز اٹھانے کی سزا دی جاسکے ۔حق پرست ارکان نے کہا کہ گذشتہ 2 ماہ میں یہ چوتھا واقعہ ہے جب مسافر بس کے روپ میں اسلحے سے بھری بس شہر کراچی میں پکڑی گئی ہے یہ واقعات ایم کیوایم کے خدشات کو درست ثابت کرتے ہیں کہ کراچی میں بہت بڑے پیمانے پر دہشتگرد فعال اور متحرک ہیں ۔حق پرست ارکان نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ ملک کے دوسرے حصوں سے کراچی میں اسلحے کی اسمگلنگ کے واقعات کی فوری روک تھام کی جائے ۔

## سوات، دیر، بونیر اور شانگلہ کے متاثرہ خاندانوں کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں امدادی سرگرمیاں جاری ہیں

## مختلف قومیت اور مذاہب کے افراد نے امدادی اشیاء اور نقد رقوم متاثرین کیلئے جمع کرائیں

کراچی ۔۔۔13 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں سوات، دیر، بونیر اور شانگلہ سے دہشت گردی سے متاثرہ نقل مکانی کرنے والے خاندانوں کی امداد کیلئے لگایا گیا امدادی کیمپ جاری ہے اور اس امدادی کیمپ میں ہر قومیت اور مذہب سے تعلق رکھنے والے افراد متاثرہ خاندانوں کیلئے امدادی اشیاء اور نقد رقوم جمع کرا رہے ہیں ۔ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے اس امدادی کیمپ سے گزشتہ روز سے متاثرہ خاندانوں کو امدادی کھیپ کی روانگی کا سلسلہ شروع کیا جاچکا ہے اور امدادی کھیپ میں متاثرہ خاندانوں کیلئے آٹا ، چاول، دالیں، گھی، تیل، لحاف، بستر، خیمے، موم بتیاں لالٹین، ادویات اور روزمرہ استعمال کی اشیاء بڑی مقدار میں شامل ہیں جو سوات، دیر، بونیر اور شانگلہ کے متاثرین میں تقسیم کی جائیں گی ۔ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں امدادی سامان کی پیکنگ ، چھانٹی اور لوڈنگ کے کاموں کے سلسلے میں سینکڑوں رضا کار دن رات مصروف عمل ہیں اور امدادی کاموں کی نگرانی کے فرائض رابطہ کمیٹی کے اراکین اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی مینجنگ ٹرسٹی انجام دے رہے ہیں ۔ رابطہ کمیٹی کے اراکین نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے امدادی کیمپ پر امدادی اشیاء جمع کرانے والے عوام اور مخیرّ حضرات سے امدادی اشیاء وصول کی اور ان سے دلی تشکر کا اظہار کیا۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کا ادارہ سوات، دیر، بونیر اور شانگلہ کے متاثرین کی ہر ممکن امداد کرے گا اور اس سلسلے میں ایم کیوایم کے کارکنان اور حق پرست عوام میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر انتہائی جوش وخروش پایا جارہا ہے ۔انہوں نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں امدادی اشیاء جس تیزی اور رفتار کے ساتھ جمع اور انہیں روانگی کیلئے تیار کیا جارہا ہے وہ انسانیت کے خدمت کے جذبے کی اپنی مثال آپ ہے ۔

## ایم کیوایم ایلڈرز ونگ اورنگی سیکٹر یونٹ 127 کے کارکن شمس الدین کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔13 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ایلڈرز ونگ اورنگی سیکٹر یونٹ 127 کے کارکن شمس الدین کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ شمس الدین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے ۔( آمین )

## طالبان درحقیقت اسلام اور پاکستان کونقصان پہنچانے والے عناصر کے آلہ کار ہیں، ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی

کراچی ۔۔۔13،مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین نے کہا ہے کہ گزشتہ روز وزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی نے قوم سے جوخطاب کیا تھا وہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کے مئوقف کی تائید تھا اور حکومت نے بالآخر قائدتحریک جناب الطاف حسین کا یہ مئوقف تسلیم کرہی لیا کہ طالبان پاکستان کی سالمیت کونقصان پہنچارہے ہیں اور پوری دنیا میں اسلام کو بدنام کررہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدر، اسلم بلوچ، اراکین ممتازعلی، ندیم سومرو، عزیزالرحمان اور سید معین الدین نے لاسی گوٹھ گڈاپ سیکٹر اور بلاول شاہ نورانی گوٹھ یوسی 13 گلشن اقبال ٹاؤن میں عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں مختلف طبقہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کے اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پرعوام اور مختلف طبقہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے طالبانائزیشن کی سازش کے خلاف قائدتحریک جناب الطاف حسین کے نڈر اور جراتمندانہ مئوقف کوسراہا اور اسے ملک وقوم کی سالمیت کیلئے بڑا احسان قرار دیا۔اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ ایم کیوایم کے ارکان قومی اسمبلی نے نظام عدل بل کواسمبلی میں پیش کرنے کے خلاف اسمبلی سے بائیکاٹ کیا اور اس بل کی بھرپورمخالفت کی اور عوامی سطح پر بھی اس بل کے حقائق سے عوام کوآگاہ کیا،انہیں بتایا کہ یہ بل بنیادی حقوق اور اسلام کی تعلیمات کے خلاف ہے۔انہوں نے کہا کہ اسلام کی یہ تعلیمات نہیں ہیں کہ لاشوں کوقبر سے نکال کر درختوں سے لٹکا دیا جائے اور ان کی بے حرمتی کی جائے، بے گناہ معصوم بچیوں کوسرعام درے مارے جائیں، مزارات کوبموں سے اڑادیا جائے، نظام عدل کا جوبل قومی اسمبلی میں پیش کیا گیا وہ بنیادی انسانی حقوق کے منافی ہے۔انہوں نے کہا کہ نظام عدل ریگولیشن کوقومی اسمبلی میں پیش کرکے منظور کرانے کا حکومتی فیصلہ 1973ء کے آئین کے تناظر میں انتہائی سنگین ہے جس سے انسانی حقوق کی کھلی خلاف ورزی بھی ہوئی ہے یہی وجہ تھی کہ ایم کیوایم کے اراکین اسمبلی نے اس بل کی مخالفت کی۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین پاکستان کے واحد رہنماء ہیں جنہوں نے سب سے پہلے طالبانائزیشن کی سازش کی مخالفت کی اور طالبان کو پاکستان کی سالمیت کیلئے خطرہ قرار دیا اور پوری دنیا میں طالبانائزیشن کے خلاف بھرپورمہم کا آغاز کیا تاکہ عوام میں شعور اجاگر کیا جائے کہ یہ طالبان درحقیقت اسلام دشمن عناصر ہیں جو پاکستان کونقصان پہنچانے والے عناصر کے آلہ کار ہیں۔کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین نے عوام پر زوردیا کہ وہ اپنے اندر اتحاد و یکجہتی کو برقرار رکھیں، آنیوالے مشکل حالات سے نبردآزما ہونے کیلئے تیار رہیں اور ملک دشمن عناصر کو اپنے علاقوں میں پناہ لینے نہ دیں اور ایسے عناصر کی اطلاع فوری طور پر قانون نافذ کرنے والے اداروں یا ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر دیں۔

## عوامی نیشنل پارٹی ایک لسانی تنظیم ہے جوصرف نام نہاد پختون قوم پرستی کی دعویدار ہے، پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی
## صوبہ پختونخواہ میں غیرملکی آقاؤں کی سرپرستی میں معصوم پختونوں کاقتل عام طالبان مافیا سے کرانے میں پیش پیش ہے

کراچی ۔۔۔13،مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج واراکین نے کہا ہے کہ عوامی نیشنل پارٹی ایک لسانی تنظیم ہے جوصرف نام نہاد پختون قوم پرستی کی دعویدار ہے اور صوبہ پختونخواہ میں غیرملکی آقاؤں کی سرپرستی میں معصوم پختونوں کاقتل عام طالبان مافیا سے کرانے میں پیش پیش ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ایک ملک گیر قومی سیاسی جماعت ہے جس میں تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد اور عوامی نمائندے شامل ہیں نام نہاد قوم پرست لسانی لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا کے سرپرستوں کو الطاف فوبیا ہوگیا ہے جس کا علاج دنیا میں کہیں موجود نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ اے این پی الزام تراشیوں کی آڑ میں مگرمچھ کے آنسو بہانے کے بجائے ڈرگ مافیا اور لینڈ مافیا کی سرپرستی کرنے اور کمیشن لینے پر فی الفور سندھ بالخصوص کراچی کی عوام سے ہاتھ جوڑ کر معافی مانگے اور سندھ اسمبلی سے فی الفور مستعفی ہوجائے۔انہوں نے کہا کہ 31اکتوبر، 14دسمبر، 30ستمبر اور 27دسمبر کے قومی سانحات میں حق پرست عوام کا ناحق خون بہایا گیا اور اس خونریزی میں اے این پی اور اس کے نام نہاد سرپرست کھلے عام ملوث رہے ہیں ۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ جن سانحات میں حق پرست عوام کا بے دردی سے خون بہایا گیا ان ہزاروں شہداء کی یاد میں بھی عام تعطیلات کا اعلان کیا جائے اور اس کی تحقیقات کیلئے عدالتی کمیشن تشکیل دیا جائے تاکہ انصاف صرف محدود نہ رہے بلکہ اس میں تمام لوگوں کو بلاتفریق وامتیاز احتساب کیا جائے۔پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج واراکین نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور آرمی چیف جنرل کیانی سے مطالبہ کیا کہ سندھ میں طالبان کی حمایت کرنے والی لسانی تنظیم اے این پی اور سندھ میں اس کی سرپرست جماعت کے بعض عہدیداروں کے خلاف بھرپور کارروائی کی جائے۔

## تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پرایم کیوایم اورنگی سیکٹر یونٹ 121 کے کارکنان قمر، سلیم رضا، ایم کیوایم سکھرزون یونٹ یوسی ۔3 کے یونٹ انچارج امجد مراد کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا گیا، ایم کیوایم لیبر ڈویژن اے بی ایل یونٹ کے سابق ذمہ دار خاور سعید خان کو معطل کردیا

کراچی۔۔۔13، مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیوایم اورنگی سیکٹر یونٹ 121 کے کارکنان قمر ولد شمس الدین، سلیم رضا ولد صلاح الدین، ایم کیوایم سکھرزون یونٹ یوسی ۔3 کے یونٹ انچارج امجد مراد ولد محمد اختر علی کو فوری طور پر تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن اے بی ایل یونٹ کے سابق ذمہ دار خاور سعید خان ولد منظور احمد خان کو تین ماہ کیلئے تنظیم کی بنیادی رکنیت سے معطل کیا گیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے تمام کارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ تنظیمی نظم وضبط پر سختی سے عمل کرتے ہوئے قمر، ولد شمس الدین، سلیم رضا ولد صلاح الدین، امجد مراد ولد محمد اختر علی، خاور سعید خان ولد منظور احمد خان سے کسی بھی قسم کا ہرگز کوئی رابطہ نہ رکھیں۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔13، مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ایلڈرز ونگ اورنگی سیکٹر یونٹ 127 کے کارکن شمس الدین، ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 82 کے کارکن ابواسلم کے والد ابوظفر، ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 165 کے سید عنایت عسکری کی والدہ سیدہ قمر زہرا جعفری، ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر یونٹ 53 کے کارکن محمد وسیم کی ہمشیرہ محترمہ شمع نسیم، ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر یونٹ 52 کے کارکن اصغر علی کی ہمشیرہ حنا گل، کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆